# Mathematics

# ریاضی

# (211)

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر: 20

نوٹ:

(i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جواب کی کاپی کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) کسی دن لیہ کا درجۂ حرارت صفر سے 9°C کم تھا جب کہ امرتسر کا درجۂ حرارت صفر سے 1°C زیادہ تھا۔ اسی وقت ماؤنٹ آبو کا درجۂ حرارت $\sqrt{2}°C$ تھا۔ ان مقامات کے درجۂ حرارت کو عددی خط پر ظاہر کیجیے۔ (سبق 1 دیکھیے)

(b) کاغذ کی ایک مستطیل نما شیٹ کے ابعاد 44cm × 18cm ہیں۔ شیٹ کو اس کی لمبائی کی سمت میں موڑ کر ایک استوانہ بنایا گیا ہے۔ استوانہ کا حجم معلوم کیجیے۔ (سبق 21 دیکھیے)

2۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) ایک چار ضلعی PQRS کے وتر ایک دوسرے کی تنصیف کرتے ہیں۔ اگر $\angle P = 40°$ ہو تو $\angle Q$ کی قدر معلوم کیجیے۔ (سبق 13 دیکھیے)


(b) خط $3x + y - 9 = 0$ نقطہ (1,3) اور (2,7) کو ملانے والے قطعہ خط کو کس نسبت میں داخلی طور پر تقسیم کرتا ہے؟

(سبق 19 دیکھیے)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) ایک مستطیل کی لمبائی اس کی چوڑائی کے دوگنا سے 12 میٹر زیادہ ہے۔ مستطیل کا رقبہ 320 مربع میٹر ہے۔ مستطیل کی لمبائی اور چوڑائی معلوم کرنے کے لیے مساوات لکھیے اور مستطیل کے اضلاع کی پیائش معلوم کیجیے۔ (سبق 20 دیکھیے)

(b) ایک پارک کے درمیان میں دو مستطیل نما راستے ہیں جیسا کہ ذیل کی شکل میں دکھایا گیا ہے۔ راستوں کا رقبہ معلوم کیجیے۔ (سبق 20 دیکھیے)




4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 4

(a) کملا نے ایک کاروبار میں 8,000 روپے کی سرمایہ کاری کی۔ اسے 5% سالانہ کی شرح سے مرکب سود ادا کیا جائے گا۔ اگر سود کی تحسیب سالانہ ہوتی ہے تو (i) دو سال کے آخر میں اس کے نام میں کتنی رقم جمع کی جائے گی (ii) تیسرے سال کا سود معلوم کیجیے۔ (سبق 8 اور 9 دیکھیے)

(b) اگر کسی مثلث میں ایک زاویے کا ناصف مقابل ضلع کی تنصیف کرتا ہے تو ثابت کیجیے کہ مثلث مساوی الساقین ہے۔ (سبق 14 دیکھیے)

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 4

(a) ایک حسابی تصاعد (AP) کے چھٹے رکن کا 6 گنا اس کے 9 ویں رکن کے 9 گنا کے مساوی ہے۔ دکھائیے کہ اس کا 15 واں رکن صفر ہے۔

(سبق 7 دیکھیے)

(b) ایک 30 میٹر اونچی مینار کی چوٹی کا، اسی مستوی میں واقع دوسری مینار کے پائے سے زاویہ ارتفاع 60° ہے اور پہلی مینار کے پائے سے دوسری مینار کی چوٹی کا زاویہ ارتفاع 30° ہے۔ دونوں میناروں کے درمیان کا فاصلہ اور دوسری مینار کی اونچائی معلوم کیجیے۔ (سبق 23 دیکھیے)

6۔ درج ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) اپنے علاقے/گاؤں کے 50 کنبوں کی کل آبادی اور ان کی آمدنی کا سروے کیجیے۔

(i) آبادی سے متعلق اعداد وشمار کو تعدد کا ذکر کرتے ہوئے ایک جدولی شکل میں پیش کیجیے۔

(ii) کنبے کے اوسط سائز کا حساب لگائیے۔ کتنے کنبے اوسط سائز سے اوپر ہیں؟

(iii) سب سے زیادہ آمدنی والے 10 کنبوں کے لیے ایک بار گراف بنائیے۔ (سبق 24 اور 25 دیکھیے)

(b) اس سال کھیلے گئے کسی کرکٹ میچ کا مشاہدہ کیجیے اور ایک پروجیکٹ رپورٹ تیار کیجیے جس میں دونوں ٹیموں کے کھیل کا موازنہ کرنے کے لیے مندرجہ ذیل باتوں کو شامل کیا گیا ہو۔

(i) ہر ایک کھلاڑی کے ذریعے بنائے گئے رن

(ii) دونوں ٹیموں کے فی اوور اوسط رن

(iii) بلے بازی کرنے والے ہر ایک بلے باز کے رنوں کی شرح

(iv) گیند بازی کرنے والے ہر ایک گیند باز کے رنوں کی شرح

(v) جیتنے والی ٹیم کے سب سے زیادہ رن بنانے والے 5 بلے بازوں کے اعداد وشمار کو بار گراف کی شکل میں ظاہر کیجیے۔

(سبق 24 اور 25 دیکھیے)

# Science and Technology

## سائنس اور ٹیکنالوجی

## (212)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر: 20

نوٹ:

(i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جواب کی کاپی کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) میرا بصری طور پر معذور ہے۔ وہ اپنی والدہ کو کسی مہمان سے بات چیت کرتے ہوئے سنتی ہے۔ صرف آواز سن کر اسے یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ مہمان اس کے ماموں ہیں۔ آواز کی ان خصوصیات کو پہچانیے جن کی بنیاد پر اسے یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ مہمان (i) ایک مرد ہے اور (ii) اس کے ماموں ہیں۔

(سبق-18 دیکھیے)

(b) رام کو کافی تیز بخار ہے۔ اس کی والدہ نے تھرمامیٹر سے اس کے بخار کی پیمائش کی اور پایا کہ اس کے جسم کا درجۂ حرارت 39°C ہے۔ ڈاکٹر کے پاس جانے سے پہلے وہ اس درجۂ حرارت کو فارین ہائٹ پیمانے پر جاننا چاہتی ہیں۔ اس درجۂ حرارت کو فارین ہائٹ اسکیل میں تبدیل کرنے کے لیے اس کی مدد کیجیے۔

(سبق-14 دیکھیے)

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ایک عنصر کی گرفت +3 ہے۔ (سبق-6 دیکھیے)

(i) اس کے فاسفائڈ کا فارمولا لکھیے۔

(ii) اس کے کاربونیٹ کا فارمولا لکھیے۔

(iii) اس کے نائٹریٹ کا فارمولا لکھیے۔

(iv) اس کے بوریٹ کا فارمولا لکھیے۔

(b) (i) 0.5 مول پانی میں موجود سالمات کی تعداد معلوم کیجیے۔

(ii) سوڈیم کاربونیٹ ڈیکا ہائڈریٹ ($Na_2CO_3.10H_2O$) کی فارمولا کمیت معلوم کیجیے۔

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) انسانی جسم میں تنفس کے لیے پھیپھڑے، افراز کے لیے غدود، تالیف کے لیے جگر اور اشیا کی تقسیم کے لیے خون ہے۔ ان چاروں کاموں کو انجام دینے کے لیے خلیے کے کون سے عضویچے ذمے دار ہیں۔ (سبق-21 دیکھیے)

(b) ایک غذائی زنجیر کی تشکیل کیجیے اور اس کی مدد سے ماحولیاتی نظام میں توانائی اور مغذیات کے بہاؤ کی وضاحت کیجیے۔ (سبق-29 دیکھیے)

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-1500 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) کسی شے کی کمیت 25 کلوگرام ہے۔ زمین پر اس کا وزن (نیوٹن میں) کیا ہوگا؟ اگر اس شے کو کسی ایسے سیارے پر لے جائیں جس کی کمیت زمین کی کمیت کی دوگنی اور نصف قطر زمین کے نصف قطر کا آدھا ہو تو وہاں شے کی کمیت اور وزن کیا ہوں گے؟ (زمین پر $g=10m/s^2$ لیجیے) (سبق-10 دیکھیے)

(b) آپ اپنے اسکول کی تجربہ گاہ میں گئے ہوئے ہیں اور آپ نے مندرجہ ذیل مرکبات جمع کیے۔ (سبق-14 دیکھیے)

(i) NaCl (ii) $CCl_4$ (iii) نیفتھلین (iv) $MgCl_2$ (v) HCl (vi) $C_2H_5OH$

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:

(i) آینی بونڈ کس طرح بنتا ہے؟

(ii) مندرجہ بالا مرکبات کی درجہ بندی آینی اور شریک گرفت مرکبات کے تحت کیجیے۔

(iii) ان مرکبات کی شناخت کیجیے جو پانی میں حل پذیر ہیں۔

(iv) NaCl اور نیفتھلین میں سے کس کا نقطہ گداخت زیادہ ہے؟

(v) ٹھوس NaCl بجلی کا اچھا موصل ہوگا یا نہیں

(vi) مندرجہ بالا مرکبات کو ٹھوس اور رقیق مرکبات میں تقسیم کیجیے۔

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) جانوروں میں تین قسم کے عضلاتی بافت ہوتے ہیں۔ مخطط (دھاری دار) بازو کے عضلات میں، غیر مخطط معدہ کے اندرونی استر میں اور دل میں قلبی عضلاتی بافت پائے جاتے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک عضلاتی بافت کی ان خصوصیات کا ذکر کیجیے جو ان مخصوص مقامات پر ان کی موجودگی کو درست ثابت کرتی ہیں۔ (سبق-7 دیکھیے)

(b) عالمی حدت میں مندرجہ ذیل کا کیا رول ہے؟ (سبق- دیکھیے)

(i) چرنے والے مویشی

(ii) بہت زیادہ آبادی والے شہر

(iii) کارخانے

(iv) جلتا ہوا فضلہ

6۔ درج ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) مندرجہ ذیل سوالوں کے جوب دیجیے۔

(i) کورونا وائرس "Coronavirus" کیا ہے؟

(ii) کورونا وائرس کی وجہ سے ہونے والی بیماری کی علامات کی فہرست بنائیے۔

(iii) اگر ہماری فیملی کا کوئی فرد کووڈ-19 کی وجہ سے بیمار ہو جاتا ہے تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

(iv) بیماری یا تعدیہ کی ترسیل کو روکنے کے لیے رہنما اصولوں کی پابندی کیوں ضروری ہے؟

(v) آپ تعدیہ کے خطرہ سے کس طرح محفوظ رہ سکتے ہیں؟

(b) مختلف اشکال کے کچھ مقناطیس لیجیے مثلاً چھڑ مقناطیس، نعل نما مقناطیس اور دائرہ نما مقطناطیس وغیرہ۔ ایک مقناطیس کو شیشے کی پتلی شیٹ کے نیچے رکھیے۔ شیشے کی شیٹ پر لوہے کا باردہ چھڑکیے اور شیٹ کو مسلسل تھپتھپاتے رہیے۔ اس پیٹرن کا مشاہدہ کیجیے جس میں لوہے کا برادہ اپنے آپ کو مرتب کرتا ہے۔ کیا آپ کو لوہے کے برادے کی اس ترتیب میں کوئی خاص پیٹرن نظر آتا ہے۔ اس پیٹرن کا یا تو اپنے موبائل فون سے فوٹو گراف لیجیے یا کاغذ کی شیٹ پر اس کا ڈائیگرام بنائیے جس میں 10-12 خطوط ہوں۔ اس تجربے کو نعل نما مقناطیس اور دائرہ نما مقناطیس کے ساتھ دہرائیے۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

(i) کون سے خطے میں مقناطیسی خطوط ایک دوسرے کے زیادہ نزدیک ہیں؟

(ii) کیا مقناطیسی خطوط کسی نقطے پر ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں؟

(iii) کیا مختلف شکل والے ان سبھی مقناطیس کے لیے مقناطیسی خطوط ایک جیسے ہیں یا مختلف؟

(iv) مقناطیسی خطوط بنانے کا کوئی اور طریقہ تجویز کیجیے۔

# سوشل سائنس

# Social Science

# 213

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

ہدایت:(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس اس کے سامنے لکھ دیئے گئے ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھئے۔

سوال:1 مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک سوال حل کیجئے (40 سے 60 لفظوں میں) 2

(a) مہاویر کے کن ہی دو بنیادی اصولوں کا تجزیہ کیجئے۔ وہ آج بھی کس طرح مناسب ہیں اور آپ انہیں کیسے روزمرہ کی زندگی میں عمل میں لا سکتے ہیں۔ (سبق 1 دیکھئے)

(b) ''جغرافیہ کو سمجھے بغیر کسی علاقے کی تاریخ اور آثار قدیمہ کا مطالعہ ادھورا رہتا ہے۔'' بیان کی توضیح کیجئے۔ (سبق 2)

سوال:2 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) ہندوستان طبیعی تنوع کا ملک ہے۔ ہندوستان کے شمالی خطے میں واقع کسی ریاست کی طبیعی خصوصیات کا موازنہ جنوبی خطے میں کسی ریاست سے کیجئے۔ (سبق 9)

(b) راجستھان ملک کی دیگر ریاستوں کے مقابلے کم بارش حاصل کرتا ہے۔ اگر راجستھان میں ہندوستان میں سب سے زیادہ بارش ہو تو وہاں کس طرح کی صورتحال پیدا ہو سکتی ہے؟ (سبق 10)

سوال3: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) کن ہی دو انتخابی اصلاحات کا ذکر کیجئے جو ہندوستان میں آزادانہ اور صاف ستھرا انتخاب کرانے کے لیے نہایت ضروری ہیں۔ (سبق 22)

(b) مقامی حکومتوں میں عورتوں کے ریزرویشن کے اہم اثرات کو درج فہرست کیجئے۔ (سبق 18)

سوال4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4

(a) چین کے چن اور ہوان خاندان کے حکمرانوں کے ذریعہ چینی تہذیب وتمدن کے فروغ میں دیے گئے کن ہی دو اشتراک کی پہچان کیجئے۔ (سبق 1)

(b) آپ کے علاقے میں پائے جانے والے طبیعی عوامل نے آبادی کی تقسیم اور کثافت (گھنا پن) کو کس طرح متاثر کیا ہے؟ (سبق 14)

سوال5: کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4

(a) رائے عامہ کی تشکیل کرنے والی ایجنسیوں کی نشاندہی کریں۔ (سبق 22)

(b) ہندوستان میں قومی یکجہتی کو فروغ دینے والے مختلف اقدامات کو بیان کیجئے۔ (سبق 24)

سوال 6: مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) اپنے خاندان سمیت آس پاس کے پانچ خاندانوں کی تین نسلوں میں تعلیم کی سطح اور کاروبار کی معلومات درج ذیل جدول کے مطابق جمع کیجیے۔

| نسل | | تعلیم کی سطح | پیشہ |
|---|---|---|---|
| پہلی | دادا | | |
| | دادی | | |
| دوسری | والد | | |
| | والدہ | | |
| ثالثی | بچہ۔1 | | |
| | بچہ۔2 | | |

اکٹھی کی گئی معلومات کی بنیاد پر تعلیم کی سطح اور اس سے ان کے کاروبار اور معیار زندگی میں آئی تبدیلی پر ایک مختصر رپورٹ تیار کیجیے۔

(b) ایک پروجیکٹ تیار کیجیے جس کے تحت 73ویں آئینی ترمیم ایکٹ 1992 (ان لوگوں کے لیے جو دیہی علاقے میں رہتے ہیں) یا 74ویں ترمیم ایکٹ 1992 (ان لوگوں کے لیے جو شہری علاقے میں رہتے ہیں کے ذریعہ لائی گئی تبدیلی کی فہرست تیار کیجیے۔ اس فہرست کی بنیاد پر درج ذیل امور پر آپ کیا نتیجہ اخذ کریں گے۔

(i) عورتوں کی نمائندگی پر اثر

(ii) درج فہرست ذات (SCS) اور درج فہرست قبائل (ST) کی نمائندگی پر اثرات۔

# معاشیات

# Economics

# 214

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

ہدایت:(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس اس کے سامنے لکھ دیئے گئے ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھئے۔

سوال:1 مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک سوال حل کیجئے (40 سے 60 لفظوں میں) 2

(a) معاشیات ایک وسیع مضمون ہے اور معاشیات کی جامع تعریف آسان نہیں ہے۔ آپ کو معاشیات کی فلاح و بہبود اور دولت کی سائنس کے طور پر تعریف کرنی ہوگی۔ (سبق 1 دیکھئے)

(b) کوئی بھی پیدا کار زیادہ سے زیادہ منافع کمانا اور پیداوار کی لاگت کو کم کرنا چاہتا ہے۔ پیدا کار کے لیے لاگت، محاصل اور منافع کے تصور کو واضح کیجیے۔ (سبق 8)

سوال:2 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) کمیابی اور انتخاب ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ درحقیقت انتخاب کا مسئلہ پیدا ہی اس لیے ہوتا ہے کیوں کہ وسائل بہت ہی کمیاب ہے۔ کمیابی اور انتخاب کے مسئلے کی وضاحت مثال کی مدد سے واضح کیجئے۔ (سبق 5)

(b) اشیا اور خدمات میں اتنا ہی تنوع ہے جتنی ہماری خواہشات۔ اس بیان کی روشنی میں اشیا اور خدمات کی خصوصیات کی توضیح کیجئے۔ (سبق 3)

سوال 3: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) جیسا کہ ہم سبھی جانتے ہیں کہ ہماری خواہشات غیر محدود ہیں لیکن ان خواہشات کی تسکین کے لیے ہمارے وسائل محدود ہیں۔ اس بیان کی روشنی میں خواہشات کو محدود کرنے کے ہندوستانی فلسفے کی وضاحت کیجئے۔ (سبق 2)

(b) اگر پیداوار کی تعریف اِن پُٹ سے آوٹ پُٹ میں بدلنے کے طور پر کی جاتی ہے تو آپ پیداوار عمل کا بیان کیسے کریں گے؟ پیداوار کی دو اہم تکنیکوں کا نام بھی بتایئے۔ (سبق 7)

سوال 4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4

(a) کل پیداوار، اوسط پیداوار اور حاشیائی پیداوار ایک دوسرے سے متعلق ہے۔ ایک عددی مثال کی مدد سے ان کے رشتوں کی وضاحت کیجئے۔ (سبق 7)

(b) معیشتوں کو مختلف بنیاد پر درجہ بند کیا جاسکتا ہے۔ ان بنیادوں میں سے ایک ترقی ہے۔ ہر طرح کی معیشتوں کی مناسب مثالوں کو دیتے ہوئے ترقی کی بنیاد پر معیشتوں کی اقسام کے بارے میں سمجھایئے۔ (سبق 4)

سوال5: کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجیے۔ 4

(a) ''معیشت ایک انسان ساختہ تنظیم ہے جو سماج کی ضرورت کے مطابق بنائی، ضائع یا تبدیل کی جاسکتی ہے۔'' اس بیان کی روشنی میں سرمایہ دارانہ سوشلسٹ (اشتراکی) اور مخلوط معیشت کی وضاحت کیجیے۔ ہندوستان کی معیشت کس قسم کی ہے؟ (سبق 4)

(b) خودمختار (آزاد) کارپوریشن اور سرکاری کمپنیوں کے درمیان فرق واضح کیجیے۔ (سبق 7)

سوال6: مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) ہم جانتے ہیں کہ منافع، پیداوار کی کل لاگت پر حاصل کا زاید ہوتا ہے۔ اور اس کا شمار درج ذیل اظہار منافع۔ کل آمدن کل لاگت کا استعمال کرکے کی جاتی ہے۔ آپ کو ایک مینوفکچرر کی ماہانہ پیداوار کے اعداد وشمار کو اکٹھا کرنا ہوگا اور ہر ایک ماہانہ اعداد وشمار کے مطابق اس کی کل آمدنی اور حاشیائی آمدنی یہ مانتے ہوئے کہ اوسط آمدنی 25 روپے ہے۔ معلوم کرنا ہوگا۔ اس کے بعد آپ کو اس کے ماہانہ منافع کا شمار کرنا ہوگا، اپنا شمار جدولی طریقے سے دکھایئے۔ (سبق 8)

(b) آپ کو ایک پیداکار کے ذریعہ درج ذیل جدول فراہم کیا گیا ہے۔

| محنت کی اکائیاں | کل پیداوار | حاشیائی پیداوار | اوسط پیداوار |
|---|---|---|---|
| 0 | 0 | | |
| 1 | 5 | | |
| 2 | 12 | | |
| 3 | 21 | | |
| 4 | 28 | | |
| 5 | 30 | | |
| 6 | 30 | | |
| 7 | 28 | | |

نیوفکچرر کو درج بالا جدول کو پورا کرنے میں آپ کی مدد کی ضرورت ہے اور یہ طے کریں کہ پیداوار کی سطح کو موافق بنانے کے لیے کتنی اکائیوں کو کام پر لگایا جائے۔ (سبق 7 دیکھیے)

# کاروباری مطالعہ

# (Business Studies)

# 215

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبرات=20

نوٹ:(i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر سوال کے لیے مختص کردہ نمبرات اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر، اے آئی (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

سوال 1: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) مال کو بیچنے میں اشتہار ایک موثر معاون ہے۔ کیسے؟

(b) معاشی سرگرمیوں سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ معاشی سرگرمیوں کی دو مثالیں دیجیے۔ (سبق 1 دیکھئے)

سوال 2: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) تنہا ملکیت کے کاروبار میں بہتر کنٹرول کی سہولتیں کیسے فراہم ہوتی ہیں؟ بیان کیجیے۔ (سبق 4 دیکھئے)

(b) نقل وحمل کم لاگت پر بڑے پیمانے پر پیداوار کی سہولیات کیسے فراہم کرتا ہے۔ (سبق 5 دیکھیں)

سوال 3: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) کاروبار میں جوکھم اور آمدنی کی غیر یقینی کیفیت شامل ہے۔ بیان کیجیے۔ (سبق 1 دیکھیں)

(b) نقل وحمل کی کم لاگت پر بڑے پیمانے پر پیداوار کی سہولیات کیسے فراہم کرتا ہے؟ (سبق 5 دیکھئے)

سوال 4: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے 4

(a) کوآپریٹو سوسائٹی ایک خاص طرح کے کاروباری تنظیم ہے جو دیگر کاروباری تنظیموں سے مختلف ہے۔ اس جملے پر روشنی ڈالتے ہوئے کوآپریٹو سوسائیٹی پر بحث کیجیے۔ (سبق 4 دیکھئے)

(b) بندھوا گودام اور کوآپریٹو گودام میں فرق واضح کیجیے۔ (سبق 6 دیکھئے)

سوال 5: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) مختلف قسم کے ای کامرس کی درجہ بندی واضح کیجیے۔ (سبق 2 دیکھئے)

(b) سبھی طرح کی ملکیت کے کچھ حدود ہیں اور تنہا ملکیت کوئی استثنا ہے۔ تنہا ملکیت کے مختلف حدود کا ذکر کیجیے۔ (سبق 3 دیکھئے)

سوال 6 نیچے دیئے گئے پروجیکٹ میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے: 6

(a) آپ کا دوست اپنے دوسرے دوست کے ساتھ ایک موثر ترسیل قائم کرنے میں دشواری کا سامنا کر رہا ہے۔ اسے سمجھانا ہے کہ

موثر ترسیل کی رکاوٹیں کیا ہوسکتی ہیں۔ساتھ ہی اس طرح کی رکاوٹوں کو حل کرنے کے لیےان کی رہنمائی کیجیے۔(سبق 7 دیکھیے)

(b) انکت ہلکی اشیا کا کاروبار چلانے میں دلچسپی رکھتا ہے۔وہ ملک کے مختلف حصوں میں مال کی فراہمی کرنا چاہتا ہے۔اس کے فائدے اور حدود کا ذکر کرتے ہوئے نقل وحمل کا سب سے مناسب طریقہ سمجھائیں۔ (سبق 6 دیکھیے)

# ہوم سائنس

# (Home Science)

# 216

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

ہدایت:(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس اس کے سامنے لکھ دیئے گئے ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھئے۔

سوال:1 مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک سوال حل کیجئے (40 سے 60 لفظوں میں)

(a) ''ہوم سائنس آرٹ بھی ہے اور سائنس بھی''۔ اس مقولہ کی وضاحت کیجئے اور ہوم سائنس کے مطالعہ کے بعد کیریر کے دو مواقع بیان کیجئے۔ (دیکھئے سبق 1,11)

(b) ہوم سائنس کے اصولوں سے ہم ایک چھوٹے سے گھر کیسے کشادہ بنا سکتے ہیں۔ چار مثالوں سے سمجھائیے۔ (دیکھئے سبق 1,2)

سوال:2 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) متوازن غذا کی اہمیت بیان کیجئے۔ (سبق 3, 5)

(b) غذائی تحفظ کے چار طریقے لکھئے۔ (سبق 3, 5)

سوال:3 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھیے۔ 2

(a) قدرتی اور انسان کے بنائے ہوئے ریشوں (فائبر) سے بنے دو قسم کے کپڑوں کا بیان کیجئے اور بتائیے کسی بھی کپڑے کو دھونے سے پہلے ان کی الگ چھٹائی کیوں ضروری ہے۔ (سبق 9,10)

(b) کورے کپڑے اور تیار یا آراستہ کپڑوں (Finished Fabric) کے درمیان فرق بتائیے۔ ماربلنگ اور گانٹھ باندھ کر رنگ برنگے دوپٹے بنانے (ٹائی اینڈ ڈائی) کا طریقہ بتائیے۔ (سبق 11,10,9)

سوال4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4

(a) آپ کی فیملی میں والدین، دادا، دادی اور دو بچوں سمیت چھ افراد ہیں۔ فیملی نے دو ہفتوں کے لیے گوا گھومنے جانے کا منصوبہ بنایا ہے۔ سفر کو کامیاب بنانے کے مندرجہ ذیل کا بیان کیجئے۔

(i) انتظامات کے مختلف اقدامات کو بتائیے۔

(ii) اس سفر میں کسی ایک دن کے کاموں کی جدول تیار کیجئے۔ (سبق 15,14)

(b) آپ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے شہر میں آئے ہیں اور کرایہ کے مکان میں رہتے ہیں۔ مندرجہ ذیل امور پر اپنے دوست کے ساتھ گفتگو کیجئے۔

(i) مشترکہ خاندان میں رہنے کے فوائد پر گفتگو کیجئے۔

(ii) اپنے کھانے پینے کی اشیاء کا ایک ہفتہ واری مینو تیار کیجئے۔ (سبق 19,3)

سوال 5: کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔

(a) سیل کے زمانہ میں آپ کی والدہ نے ایک مشہور کمپنی سے واشنگ مشین خریدی۔ مشین میں ایک ہی ہفتہ کے بعد خرابی آ گئی۔ (سبق 22)

(i) اپنی والدہ کو ایک صارف کے حقوق بتائیے۔ (صرف دو)

(ii) سیل کے دوران کوئی بھی سامان خریدنے میں کیا دھوکا ہو سکتا ہے۔

(b) آپ کو گرام پنچایت نے تندرستی کے بارے میں جانکاری دینے کے لیے مدعو کیا ہے۔ آپ مندرجہ ذیل امور پر روشنی ڈالیے۔

(i) تندرستی (صحت) کا کیا مطلب ہے؟ اچھی جسمانی صحت اور اچھی ذہنی صحت دونوں کی دو دو خصوصیات لکھیے۔

(ii) متعدی یا پھیلنے والی بیماریوں کی روک تھام کے لیے کوئی چار اقدامات بیان کیجئے۔

سوال 6: مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے۔

(a) اپنے نزدیکی علاقوں میں جا کر مندرجہ معلومات حاصل کیجئے:

(i) 60 سال سے زیادہ عمر کے کتنے لوگوں نے کورونا کا ٹیکہ لگوایا ہے؟ متعدی بیماریوں سے بچاؤ کے لیے ٹیکہ کیوں ضروری ہے؟

(ii) کووڈ 19 سے بچاؤ کے لیے آپ کے اہل خانہ نے کیا اقدامات کیے ہیں؟

(iii) کسی گیت یا نظم کے ذریعہ متعدی بیماریوں کی روک تھام کا بیان کیجئے۔

(b) اپنے دادا دادی یا پڑوس کے بوڑھے افراد سے درج ذیل معلومات حاصل کیجئے۔ (سبق 20,6,5)

(i) ریفریجیریٹر کے بغیر وہ کس طرح غذائی اشیا محفوظ رکھتے تھے؟

(ii) ان کے زمانہ میں آواز کی آلودگی کیوں کم تھی؟ کیا آج کے زمانہ میں بھی ہم وہ طریقے اپنا سکتے ہیں؟

(iii) نوعمر لڑکیوں کو ان کے زمانے میں کن چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑتا تھا؟

# نفسیات

# (222)

# Psychology

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

ہدایت:(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس اس کے سامنے لکھ دیئے گئے ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھئے۔

سوال:1 مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک سوال حل کیجئے (40 سے 60 لفظوں میں)

(a) ''کسی فرد کی تحریر یا ہینڈ رائٹنگ پر قلم کے مختلف برانڈ کے اثرات کا مطالعہ'' موضوع پر دیے گئے تجربہ میں آزاد متغیر اور منحصر متغیر کی نشاندہی کیجئے۔ اپنے جواب کے لیے مناسب دلیلیں بھی دیجئے۔ (سبق 2)

(b) اپنی تاریخی عمر (سال و ماہ کے لحاظ سے) کی بنیاد پر آپ عمر کے جس مرحلہ میں ہیں اس کا مشاہدہ کیجئے اور اس کی خصوصیات کی وضاحت بھی کیجئے۔ (سبق 12)

سوال:2 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) آپ کا دوست امتحان میں اچھے نمبر نہ آنے کی وجہ سے تناؤ میں ہے۔ اس صورت کا مقابلہ کرنے کے لیے آپ اس کی کس طرح مدد کریں گے۔ (سبق 18)

(b) اپنے آس پاس کے ماحول میں کسی شخص کے برتاؤ کو سمجھنے کے لیے اس کا مشاہدہ کیجئے۔ اس کے ابلاغ یا ترسیل کے چار اشاریوں پر مبنی ایک مشاہدہ رپورٹ تیار کیجئے۔ (سبق 2)

سوال:3 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھیے۔ 2

(a) ماحولیاتی تناؤ کم کرنے میں آپ کس طرح تعاون کر سکتے ہیں۔ چار طریقے بتائیں۔ (سبق 23)

(b) مان لیجئے کہ اپنی ذہنی عمر (MA) جاننے کے لیے اپنی تاریخی عمر -+3 جوڑ اس حساب کی بنیاد پر دونوں صورتوں میں اپنے آئی کیو (یعنی ذہنی خارج قسمت) کی تحسیب کیجئے۔

سوال4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4

(a) آپ گھریلو سامان کی ایک فہرست کو دکان تک پہنچنے تک یاد رکھنا چاہتے ہیں۔ کم سے کم ایسے چار طریقے لکھئے جن سے اس فہرست کو بہتر طریقہ پر یاد کرنے میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بھولنے کے عوامل یا وجوہات کی بھی وضاحت کیجئے۔ (سبق 6)

(b) ماسلو کے ذریعہ پیش کردہ ضرورتوں کے نظام مراتب (Hierarchy) کی روشنی میں اپنے آئیڈیل کی کسی مشہور شخصیت کی ضرورتوں کا تجزیہ کیجئے۔ (سبق 8)

سوال5: کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4

(a) کسی خوش وخرم شخص کی کم از کم چھ خصوصیات تحریر کیجئے۔(سبق 17)

(b) اپنے علاقہ میں تعلیم حاصل کرنے والے طلبا کے کسی چار مشکل مسئلوں کی نشاندہی کیجئے اوران کی وضاحت بھی کیجئے۔ان مسائل کوحل کرنے کے لیے کچھ اقدامات بھی تجویز کیجئے۔(سبق 16)

سوال6: مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے۔ 6

(a) اپنے علاقہ میں کسی بھی تین قسم کی آلودگیوں کی نشاندہی کیجئے اوران آلودگیوں سے نبٹنے کے لیے حکومت، آر اے ڈبلیو (ریزیڈینٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن) یا خود آپ کے ذریعہ اٹھائے گئے کم از کم تین اقدامات کو بیان کیجئے۔(سبق 23)

(b) ایک نوٹ لکھئے کہ جدید تعلیم اور''جیوو گیان'' باہم کس طرح مختلف ہیں۔ 15 دنوں تک پریکشا (Preksha) پردھیان کی مشق کیجئے اوراگلے 15 دن وِپاسنا کی مشق کیجئے۔اب ایک رپورٹ لکھئے اور بتایئے کہ ذہن کو کنٹرول اور منضبط (ڈسپلنڈ) کرنے کے لیے یہ دونوں مشقیں مفید اور کارگر ہیں۔(دیکھئے سبق 27)

# ہندوستانی ثقافت اور وراثت

# (223)

# Indian Culture and Heritage

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

ہدایت:(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس اس کے سامنے لکھ دیئے گئے ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھئے۔

سوال:1 مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک سوال حل کیجئے (40 سے 60 لفظوں میں) 2

(a) تمدن (کلچر) اور تہذیب (سوئیلائزیشن) کے درمیان دو مشابہتیں لکھئے۔ (دیکھئے سبق 1)

(b) ہندوستانی تمدن میں روحانیت کی اہمیت کا اظہار کرنے والی دو خصوصیات کی نشاندہی کیجئے۔ (دیکھئے سبق 2)

سوال:2 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) مندر کے ڈراوڈا اور ناگرا اسٹائل (طرز) کے درمیان فرق واضح کیجئے۔ (سبق 3)

(b) اسلام کے چار بنیادی اصول بتائیے (دیکھئے سبق 4)

سوال:3 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھیے۔ 2

(a) تمدن یا کلچر کے غیر مادی پہلوؤں کی وضاحت کیجئے۔ (سبق 2)

(b) اس بیان کی موافقت کیجئے کہ تمدن یا کلچر تغیر پذیر ہوتا ہے لیکن وراثت یا ورثہ تغیر پذیر نہیں ہوتا۔ (سبق 2)

سوال4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4

(a) صوفی اور بھکتی تحریکیں ایک ہی سکّے کے دو رُخ تھے۔ (سبق 4)

(b) آپ کے دادا، دادی زندگی کے جن تمدنی طور طریقوں پر چلتے تھے اور پھر آپ نے بھی انہی کو اپنایا۔ ان میں سے چار مماثل طریقوں کی نشاندہی کیجئے۔ (سبق 1)

سوال5: کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4

(a) آریوں کی مادّی زندگی میں اہم تبدیلیاں لانے میں لوہے کے وسیع پیمانے پر استعمال کو بڑا دخل تھا۔ (دیکھے سبق 3)

(b) قدیم ہندوستان نے جین مت اور بدھ مت جیسے بہت اہم مذہبوں کا عروج دیکھا۔ جنھوں نے ہندوستانی زندگی اور تمدن پر دیرپا اثرات چھوڑے۔ تجزیہ کیجئے۔ (سبق 3)

سوال6: مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے۔ 6

(a) ہندوستان میں عہد وسطی میں دو نئے مذہبوں کا عروج ہوا۔ ایک سکھ مت اور دوسرے زرتشتی مذہب۔ ان مذاہب نے ہمارے سماج پر اثر ڈالا۔ اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے ایک ایسی رپورٹ تیار کیجئے جس میں کم سے کم ان مذہبوں کی چار تعلیمات شامل ہوں۔ ان مذاہب کے مقدس مقام یا مقامات کو بھی لکھئے۔ (دیکھئے سبق 4)

(b) آپ کے علاقہ مین کام کر رہی تین سماجی تنظیموں کا بیان کیجئے۔ ہر تنظیم کے اہم مقاصد اور اس کے کاموں کا پتہ لگایئے اور ذیل کا جدول تیار کیجئے۔ آپ کس تنظیم کو پسند کریں گے اور کیوں؟

| نمبر شمار | تنظیم کا نام | اہم مقاصد | کام |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

# اکاونٹنسی

# Accountancy

# 224

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

ہدایت:(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس اس کے سامنے لکھ دیئے گئے ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھئے۔

سوال:1 مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک سوال حل کیجئے (40 سے 60 لفظوں میں) 2

(a) حسابی اطلاع ممکنہ سرمایہ کاروں اور گاہکوں کے لیے مفید ہے۔ کیسے؟ (سبق 1)

(b) باہری واجبات سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ باہری واجبات کی دو مثالیں دیجئے۔ (سبق 3)

سوال:2 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) کسی مثال کی مدد سے دوہرے پہلو کے تصور کی وضاحت کیجئے۔ (سبق 2)

(b) مالیاتی حساب غیر زری معلومات کو نظر انداز کرتا ہے۔ سمجھائیے۔ (سبق 1)

سوال3: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) مرئی اور غیر مرئی اثاثوں پر مختصر نوٹ لکھئے۔ (سبق 3)

(b) درج ذیل کے لیے حسابی مساوات کے لیے ضوابط لکھئے۔

(i) سرمایہ (اصل)

(ii) اثاثہ جات

سوال4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4

(a) آپ کا دوست ایک روزنامچہ تیار کرنا چاہتا ہے۔ ایک اچھے دوست کے طور پر اسے روزنامچے میں اندراج (Journalising) کے عمل کے بارے میں سمجھائیے۔ (سبق 2)

(b) روایت پسندی کے تصور کے مطلب اور اہمیت کی وضاحت کیجئے۔

سوال5: کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4

(a) درج ذیل کی بنیاد پر حسابی مساوات تیار کیجئے۔ (سبق 4)

(i) انکت نے 1,80,000 روپے نقد کے ساتھ کاروبار کی شروعات کی۔

(ii) اس نے 20,000 روپے کا فرنیچر خریدا۔

(iii) اس نے 25000 روپے کا مال ادھار خریدا۔

(iv) مختلف قسم کے کھاتوں کی روایتی درجہ بندی کی وضاحت کیجیے۔

سوال6: مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) میسرس جی کے کمپیوٹر جنوب مشرق کئی دہلی کے درج ذیل لین دین کی بنیاد پر سورس واؤچر سے کریڈٹ (جمع) واؤچر تیار کیجیے۔ (سبق5)

4/اپریل نقد پین ڈرائیو فروخت کی۔کیش میمونمبر10، -/55,000روپے۔

15/اپریل نقد پرانا کمپیوٹر فروخت کیا،کیش میمونمبر39، -/19,000 روپے۔

30/اپریل بینک سے آفس کے لیے روپے نکالے چیک نمبر500417، 15000 روپے۔

(b) کسی بھی پاس کی دکان پر جائیے اور ان کے دس کاروباری لین دین دیکھیے اور ایک صفحے پر روزنامچے کے طور پر درج کیجیے۔(سبق6)

# پینٹنگ

# (225)

# Painting

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

ہدایت:(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس اس کے سامنے لکھ دیئے گئے ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھئے۔

سوال:1 مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک سوال حل کیجئے (40 سے 60 لفظوں میں) 2

(a) امرتا شیر گل کی تصویر ''برہمچاریز'' کا مطالعہ کیجئے۔ امرتا شیر گل کی پینٹنگ کی رنگ آمیزی کا استعمال کر کے چار بیٹھی ہوئی شکلیں بنائیے اور اس کی پینٹنگ کے رنگوں کا استعمال کیجئے۔ (دیکھئے سبق 8)

(b) مشہور مصور آگستے کے شاہکار کے بارے میں لکھئے اور بتایئے کہ وہ اس شاہکار کے ذریعے کیا پیغام دینا چاہتا ہے۔ (سبق 6)

سوال:2 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) اجنتا کی مشہور کالی شہزادی کی پینٹنگ کا بغور مطالعہ کیجئے۔ اب اپنی پریکٹیکل گائڈ بک کھولیے۔ اس میں صفحہ نمبر 33 پر بہت سے انسانی چہرے بنے ہیں۔ ان چہروں میں کالی شہزادی کے چہرے کے نقوش پیدا کیجئے۔ (سبق 1)

(b) دیگا پینٹنگز کی چار اہم خصوصیات بتایئے۔ (سبق 6)

سوال3: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) کولم پینٹنگ میں استعمال کیے جانے والے موتیف (موٹف) کیا ہیں۔ کولم پینٹنگ کے طرز یا طریقے کو بیان کیجئے۔ (سبق 4)

(b) فنکار ایم برانٹ کے شاہکار ''دی نائٹ واچ'' کے نمونے کی تقلید کرتے ہوئے اس پینٹنگ میں نشست کی جو حالت دکھائی گئی ہے اس کی جسمانی تشریح کو واضح کریں۔ اس شاہکار کے حسن کی تعریف میں بھی چند سطریں لکھئے۔

سوال4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4

(a) دیواری (مورال) پینٹنگ کیا ہے؟ فریسکو بنو تکنیک میں ہندی بھون کی دیوار پر بنائی گئی مورال پینٹنگ کی تشریح کیجئے۔ (سبق 9)

(b) فنکار مونیٹ نے اپنی پینٹنگ ''واٹر للّی'' میں کیا دکھانے کی کوشش کی ہے۔ کم سے کم پانچ یا چھ جملے لکھئے۔ (سبق 6)

سوال5: کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4

(a) اڈیشہ میں پوری کے مشرقی ساحل پر گنگا خاندان کے راجا نر سنگھ دیو اول کے بنائے ہوئے شاہکار پر اظہار خیال کیجئے۔ (سبق 2

)(b) آرٹ کے میدان میں بڑے کارنامے انجام دینے والے ہندوتان کے چار معاصر فنکاروں کے بارے میں اظہار رائے کیجئے۔ (سبق 9)

سوال6: مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے۔ 6

(a) ایک چوکور ڈبہ، ایک گول گیند اور ایک بیلن نما کوئی چیز لیں جن کا سائز لگ بھگ برابر ہو۔ان اشکال کو بغور دیکھیں اور الگ کاغذوں پر پینسل سے ان کی تصویریں بنائیں۔اب ان جیومیٹریکل شکلوں کو a-4 سائز کے کاغذ پر ایک دوسرے کو ڈھکتے ہوئے بنائیں۔مکعب آرٹ کا یہی بنیادی طریقہ ہے۔آپ نے اشکال سے مکعب سازی کا آرٹ تیار کیا ہے۔آپ پیکاسو کے فن سے ترغیب لے سکتے ہیں جو آرٹ کی کتابوں میں بھی دستیاب ہیں۔(سبق 7)

(b) ایک میز، پینسل، گلدان، پینسل باکس اور کتاب کی خطی تصویر (اسکیچ) بنائیے۔یہ سب اشیا آپ کے گھر میں ہی دستیاب ہیں۔
ایک 1/2 امپیریل سائز کا کاغذ لیں اور ان تصویروں کا ایسا نمونہ بنائیں، جس سے ان کی شکل میں توازن، ہم آہنگی اور توافق کے عناصر پیدا ہو جائیں۔(سبق 4 پریکٹیکل)

# ڈیٹا انٹری آپریشنز
# (Data Entry Operations)
## (229)
## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر:20

(i) نوٹ: سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

**سوال نمبر 1۔** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ **2**

(a) کمپیوٹر لنگویج اور اس کی درجہ بندی پر نوٹ لکھیے۔ (سبق 1 دیکھیے)

(b) کمپیوٹر سے فائل یا فولڈر کو حذف کرنے کے مراحل لکھیے۔ (سبق 2 دیکھیے)

**سوال نمبر 2۔** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ **2**

(a) ورڈ پروگرام میں رولر کے کوئی دو استعمال لکھیے۔ (سبق 3 دیکھیے)

(b) مندرجہ ذیل کی وضاحت کیجیے۔ (سبق 2 دیکھیے)

(i) ری سائیکل بن

(ii) پروگرام سے باہر نکلنا (Quitting a Programme)

**سوال نمبر 3۔** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ **2**

(a) مندرجہ ذیل کی تعریف بیان کیجیے۔ (سبق 6 دیکھیے)

(i) نیویگیٹنگ ورک شیٹ (Navigating worksheet)

(ii) سیل اور قطاروں کو داخل کرنا (Insert cells and rows)

(b) مندرجہ ذیل کے لیے شارٹ لکھیے۔ (سبق 4 دیکھیے)

(i) ایک مکمل لفظ کو منتخب کرنا

(ii) ایک مکمل پیرا گراف کو منتخب کرنا

(iii) متن کو ہٹانا(Cutting the text)

(iv) دستاویز کو پرنٹ کرنا

**سوال نمبر 4۔** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔

(a) ورک بُک کے لیے پاس ورڈ متعین کرنے کے مراحل لکھیے ۔ (سبق 6 دیکھیے)

(b) چارٹ کے کوئی بھی پانچ اجزا مختصراً بیان کیجیے۔ (سبق 8 دیکھیے)

**سوال نمبر 5۔** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔

(a) آپ سلائڈ میں پکچر بلیٹ کس طرح داخل کریں گے؟ (سبق 9 دیکھیے)

(b) ’’ABC اسکول‘‘ ایک انٹر اسکول مسابقتی پروگرام منعقد کرنے جا رہا ہے اسکول کی طلبا کمیٹی کو اس کے لیے ایک بروشر ڈیزائن کرنا ہے۔ بینر میں شامل کیے جانے والے مندرجہ ذیل متبادلات کے سلسلے میں طلبا کی مدد کیجیے۔ (سبق 4 دیکھیے)

(i) دستاویز کو ڈیسک ٹاپ پر "Sports Day"" کے نام سے save کیجیے۔

(ii) دستاویز میں پیج باڈر شامل کیجیے۔

(iii) حاشیے کو 4. پر سیٹ کیجیے۔

(iv) اسے مزید پرکشش بنانے کے لیے انٹرنیٹ سے کچھ قابل طباعت تصاویر شامل کیجیے۔

**سوال نمبر 6۔** مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔

(a) ایک ایکسل شیٹ بنائیے اور مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ (سبق 4 اور 5 دیکھیے)

| | A | B | C | D | E | F |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | **ABC Grocery Shop** | | | | |
| 2 | **Sno** | **Item** | **Qty** | **Rate** | **Total** | |
| 3 | 1 | Soap | 23 | 10 | | |
| 4 | 2 | Detergent | 24 | 45 | | |
| 5 | 3 | Tooth Paste | 8 | 12 | | |
| 6 | 4 | Dettol | 12 | 10 | | |
| 7 | 5 | Butter | 12 | 14 | | |
| 8 | 6 | Refined | 16 | 10 | | |
| 9 | | | | | | |

(i) اوپر دی ہوئی شیٹ بنائیے اور فائل کو save کیجیے۔

(ii) کل رقم (Qty* Rate) کی تحسیب کے لیے سیل E3 میں فارمولا لکھیے۔

(iii) زیادہ سے زیادہ qty کو پرنٹ کرنے کے لیے سیل C3 میں فارمولا لکھیے۔

(iv) y محور پر آئٹم کے ساتھ شرح کا بار چارٹ بنانے کے مراحل لکھیے۔

(b) ''آپریٹنگ سسٹم'' پر ایک پاور پوائنٹ پیشکش تیار کیجیے۔ اس میں مندرجہ ذیل سلائڈ کو (ہر ایک کی ایک سلائڈ) شامل کیجیے۔

(i) آپریٹنگ سسٹم کیا ہے؟ اس کے لیے ایک امیج شامل کیجیے

(ii) آپریٹنگ سسٹم کی اقسام

(iii) کمپیوٹر آپریٹنگ سسٹم

(iv) موبائل آپریٹنگ سسٹم (سبق 9 دیکھیے)

# ہندوستانی موسیقی

# Hindustani Music

# 242

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

ہدایت:(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس اس کے سامنے لکھ دیئے گئے ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھئے۔

سوال:1 مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک سوال حل کیجئے (40 سے 60 لفظوں میں) 2

(a) چار شکلوں کا نام لکھئے جو بنیادی طور پر صوتی کارکردگی کے لیے موزوں تھے۔ (سبق 1)

(b) آہت ناد، اناہت ناد کے درمیان فرق کیجئے۔ (سبق 1)

سوال:2 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) پنڈت وشنو نارائن بھات کھنڈے کے مطابق ہندوستانی موسیقی ٹھاٹھوں (Thatas) کی وضاحت کیجئے۔ (سبق 2)

(b) موسیقی کے اہم اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟ ان مین سے کسی ایک پر کچھ سطور لکھئے۔

سوال3: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) ہندوستانی ماہرین موسیقی کے ذریعہ راگ کی کون کون سی خصوصیات بیان کی گئی ہیں۔ (سبق 2)

(b) تال شروعاتی ماترا کا نام لکھئے اور ایک مثال دیجئے جہاں یہ علامتوں کے ذریعہ دکھایا جاتا ہے۔ (سبق 3)

سوال4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4

(a) تال کے 10 عناصر کے بارے میں لکھئے۔ ''تال دس پران'' کیا ہے؟

(b) بول اور ٹھیکا میں کیا فرق ہے؟ (سبق 3)

سوال5: کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4

(a) ہندوستانی موسیقی کی پیدائش کے بارے میں بیان کیجئے۔ جسے چار ویدوں میں سب سے زیادہ عمدہ مانا جاتا ہے۔ (سبق 6)

(b) موسیقی سکھانے کے اس نظام میں نوٹوں اور 'لے' کے بے شمار استعمال ہوتے ہیں۔ اس نظام کا نام بتائیں اور توضیح کریں۔ (سبق 5 دیکھئے)

سوال6: مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے۔ 6

(a) کسی ایک ہندوستانی موسیقی کے بول اور علامت لکھیے۔ بھارت کھنڈے نوٹیشن (علامت) نظام کی پیروی کیجئے۔ (سبق 6 دیکھئے)

(b) ہندوستانی موسیقی کے پانچ مشہور گلوکار کے بارے میں معلومات اور فوٹو گراف اکٹھا کیجئے۔ (سبق 9)

# کرناٹک موسیقی
# 243
# Carnatic Music
## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

ہدایت:(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس اس کے سامنے لکھ دیئے گئے ہیں۔
(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھئے۔

سوال:1 مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک سوال حل کیجئے (40 سے 60 لفظوں میں) 2
(a) کچھ بھکتی گانے والوں کے نام لکھئے۔ بھکتی سنگیت کی دو اہم خصوصیات لکھئے۔ (سبق 1)
(b) دسرا پد گولا کون ہیں؟ کرناٹک سنگیت کے میدان پرندرداسا کون ہیں؟ کرناٹک موسیقی میں ان کے اشتراک کے بارے میں مختصراً لکھیے۔ (سبق 1)

سوال:2 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2
(a) کچھ گھرانوں کے نام لکھئے۔ ہندوستانی اور کرناٹک سنگیت شکلوں کے درمیان کوئی تین فرق لکھئے۔ (سبق 1)
(b) کرناٹک موسیقی کے میدان میں ''سنہرا دور'' کسے کہا جاتا ہے۔ (سبق 1)

سوال3: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2
(a) ہر ایک سوز الگ الگ تواتر میں کیوں گایا جاتا ہے؟
(b) کسے مجموعی طور سپت سور کہا جاتا ہے اور کیوں؟ (سبق 2 دیکھیں)

سوال4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4
(a) کرناٹک سنگیت کے میدان میں موسیقی کے بانی کون کون ہیں اور کیوں؟ (سبق 3)
(b) ''ان کے گیتوں میں گیتوں کے سادہ بول ہیں لیکن پیچیدہ خوبصورت تال اور لے کے ذریعہ توازن ہوتا ہے'' وہ کون ہے اور اس جملے کی توضیح کیجئے۔

سوال5: کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4
(a) فن موسیقی کے بنیادی علم کو کون متعارف کرتا ہے اور کیسے؟ (سبق 4)
(b) ایک تال کے متعین لے یافتہ گروپ کا سوور انداز کیا ہے؟ بیج استھائی وراسائی اور ٹگو، ستھائی وریسائی میں کیا فرق ہے؟ (سبق 4)

سوال6: مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے۔ 6
(a) کرناٹک سنگیت میں استعمال ہونے والے پانچ موسیقی ساز کی معلومات اور تصویریں اکٹھا کیجئے۔ A4 کاغذ پر اسے چپکایئے اور مناسب طریقے سے اسے لکھئے۔
(b) کرناٹک سنگیت میدان میں دو ممتاز موسیقاروں کی تصویر اور موسیقی کے میدان میں ان کے اشتراک کے بارے میں معلومات جمع کیجئے۔ A-4 سائز کے کاغذ پر معلومات اور تصویر چپکایئے۔

# انٹرپرینرشپ (کاراندازی)

# 249

# Enterpreneurship

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

ہدایت:(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس اس کے سامنے لکھ دیئے گئے ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھئے۔

سوال:1 مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک سوال حل کیجئے (40 سے 60 لفظوں میں) 2

(a) کاراندازی کی تخلیقیت کی کیا ہے؟ اس کی خصوصیات بتائیے۔ (دیکھے سبق 4)

(b) پہلی نسل کے انٹرپرینور کی مثال کی مدد سے وضاحت کیجئے۔ (دیکھیے سبق 9)

سوال:2 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a)MUDRA قرض اسکیم کا مقصد کیا ہے۔ (دیکھئے سبق 6)

(b) سوشل کارانداز (انٹرپریز) کون ہیں۔ دو سوشل انٹرپرائز کے نام بتائیے

سوال3: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) کاراندازوں (انٹرپریزس) کے لیے اکیسویں صدی میں ای وسائل کی کیا اہمیت ہے؟ (دیکھئے سبق 17)

(b) دیسی صنعت کیا ہوتی ہے؟ (دیکھئے سبق 15)

سوال4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4

(a) لجّت پاپڑ کیس کے مطالعہ سے آپ کو کیا سبق ملتا ہے۔ (دیکھئے سبق 9)

(b) کیا جدت یا اختراع پسندی سے سماجی مسائل حل کرنے میں مدد ملتی ہے، وضاحت کیجئے (دیکھئے سبق 6)

سوال5: کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے۔ 4

(a) کاراندازی (انٹرپریزشپ) میں تخلیقیت کی ضرورت پر گفتگو کیجئے۔ (دیکھے سبق 4)

PMEGP (b) یعنی پرائم منسٹر ایمپلائمینٹ جنریشن پروگرام کی وضاحت کیجئے۔ (دیکھئے سبق 15)

سوال6: مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے۔ 6

(a) آپ کا دوست اپنا کاروبار شروع کرنا چاہتا ہے اور کامیاب ہونا چاہتا ہے۔ ایک کامیاب انٹرپریز بننے کے لیے اہم خوبیوں کی پہچان کرنے میں اس کی مدد کریں۔

(b) پانچ کاراندازوں (انٹرپریزس) سے جو آپ کے قریب ہی ہوں کا انٹرویو کیجئے اور اپنے کاروبار کو شروع کرنے میں کیا انھوں نے ای وسائل استعمال کیا ہے ان کا پتہ لگائیے اور یہ بھی معلوم کیجئے کہ انھوں نے ان وسائل سے کیا اور کس طرح استفادہ کیا۔ (دیکھیے سبق 17)